© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

## تذکرہ ڈاکٹر محمد فضل الرحمٰن انصاری قادری

مرتّب: خلیل احمد رانا

ناشر: ادارہ معارفِ نعمانیہ، ۳۲۳- شاد باغ، لاہور

صفحات: ۴۲

سالِ اشاعت: ۱۹۹۲ء

قیمت: پانچ روپے

ڈاکٹر محمد فضل الرحمٰن انصاری قادری (۱۹۱۴ء - ۱۹۷۴ء) دینی اور تبلیغی حلقوں کی ایک معروف شخصیت تھے۔ انہیں مطالعۂ مسیحیت سے خصوصی دلچسپی تھی۔ ان کی پہلی تصنیفی کاوش The Beacon Light (تالیف: ۱۹۲۲ء) ایک مسیحی مشنری کے اعتراضات کے جواب میں سامنے آئی تھی۔ بعد میں بھی انہوں نے اسلام اور مسیحیت کے تقابلی مطالعے پر قابل قدر کام کیا۔

ڈاکٹر محمد فضل الرحمٰن انصاری کی رحلت پر The Minaret (کراچی) نے ایک خصوصی شمارہ شائع کیا تھا مگر اردو میں ان کے بارے میں کوئی قابل ذکر چیز سامنے نہ آسکی۔ جناب خلیل احمد رانا نے The Minaret کے لوازمے کو کچھ اضافوں اور نئی ترتیب کے ساتھ اردو میں منتقل کر دیا ہے البتہ انگریزی سے اردو میں منتقل کرتے ہوئے مقامات اور افراد کے ناموں میں فاش غلطیاں در آئی ہیں۔ مثال کے طور پر جزیرہ سیشلز کو "سائکلس" لکھا گیا ہے۔ اسی طرح مولانا عبدالعزیز میمن اور پروفیسر سیّد حسین نصر کے نام غلط لکھے گئے ہیں۔

۴۲ صفحات کا زیر نظر کتابچہ ڈاکٹر انصاری کا محض تعارف ہے۔ ان کے علمی مرتبے پر تفصیل سے لکھنے کی کمی تاحال باقی ہے۔ ضرورت مند حضرات پانچ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے ناشر سے کتابچہ حاصل کر سکتے ہیں۔ (اختر راہی)



© rasailojaraid.com